25فروری2016ء

ایران پر سلامتی کونسل کی پابندیوں کا خاتمہ

ایران پر عائد پابندیوں کے خاتمے سے متعلق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد نمبر 2231 بتاریخ 20 جولائی 2015ء پر عملدرآمد کے سلسلے میں وفاقی حکومت کے فیصلے کے مطابق بینک دولت پاکستان نے بینکوں/ مالی اداروں کو مطلع کیا ہے کہ ایران پر عائد پابندیاں ہٹالی گئی ہیں، اوراس قرارداد کی رو سے ایران کے ساتھ کاروباری سرگرمیاں شروع کی جاسکتی ہیں۔ بینکوں/ مالی اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ ان سرگرمیوں اورافراد سے ہوشیار رہیں جو ابھی تک اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی لسٹ پر ہیں اوراس کے ساتھ ان کرنسیوں یا مالی سسٹمز سے بھی گریز کریں جو سلامتی کونسل کی بعض پابندیوں کی زد میں ہیں۔

توقع ہے کہ پابندیاں ہٹائے جانے اور پاکستان اور ایران کے مابین بینکاری روابط کی بحالی سے دونوں ہمسایہ ملکوں میں معمول کی تجارت اور کاروباری سرگرمیاں جلد شروع ہو جائیں گی۔

*****